شان مسعود پر میچ فیس کا 25فیصد جرمانہ عائد

لاہور، 31اکتوبر 2019ء:

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کےمیچ میں امپائر کے فیصلے پر اعتراض کرنے پر سدرن پنجاب کے کپتان شان مسعود پر میچ فیس کا 25فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا ہے۔شان مسعود کوجناح اسٹیڈیم سیالکوٹ میں ناردرن کے خلاف پانچویں راؤنڈ کے میچ میں کھلاڑی، اسپورٹ اسٹاف، امپائر یامیچ ریفری کے فیصلے پر اعتراض کرنے سے متعلق لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

سدرن پنجاب کے کپتان شان مسعود نے امپائر کی جانب سے وکٹ کے پیچھے کیچ آؤٹ دئیے جانے پر ناگواری کا اظہار کیا تھا۔

آن فیلڈ امپائرز عبدالمقیت اور فاروق علی خان نےشان مسعود کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.8 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

سدرن پنجاب کے کپتان شان مسعود کی جانب سے اعتراف جرم نہ کرنے کے باعث میچ ریفری نے بدھ کو فیصلے پر سماعت کی۔ سماعت کے بعد میچ ریفری کامران چوہدری نے شان مسعود کے خلاف فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے جرمانہ عائد کردیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk